QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 246

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ :23اپریل2026ء ۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کے تحت ترقیاتی منصوبوں کیلئے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں ۔اس سلسلے میں 24اپریل کو (بروز جمعہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، اولڈ سمنگلی ، انٹر کنیکٹر ، مالک فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی جبکہ 25اپریل کو (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے شہباز ٹاون، جناح ٹاون، ملک پلانٹ، بروری، دیبہ، جی او آر کالونی فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv خروٹ آباد، جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، دوستین، داریم فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

اس کے علاوہ 25اپریل اور 27اپریل کو (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv جائنٹ روڈ، خیر بخش مری، اولڈ لیاقت بازار فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی ۔اسی طرح 26اپریل کو (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv غازی، ہزارہ ٹاون، جائنٹ روڈ، سرکی روڈ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اُسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ، سٹی فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے پی ٹی وی، اسٹیڈیم، مارک فیکٹری، پی اے ایف فیڈرز اور انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے 11kv عاصم آباد، انڈسٹریل بولان، بی ایم سی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی ۔اسکے علاوہ 27اپریل (بروز پیر) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، تکاتو، چشمہ، ادیان، واسا اور عمر فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں کی ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کاموں کیلئے 26اپریل کو (بروز اتوار) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اولڈ سمنگلی ، پی ٹی وی، ملک پلانٹ، جناح روڈ، سورج گنج بازار، ایم ای ایس، کیسکو ، عالم خان، مارک فیکٹری، ایف سی اسپتال، مالک اور کسٹم فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن 12 بجے تک نیز اسی گرڈ اسٹیشن کے بروری روڈ، پی اے ایف، انٹر کنیکٹر، نواں کلی، اسٹیڈیم، کوئٹہ کمرشل، دیبہ فیڈروں سے دن ایک بجے تا شام چار بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی ۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔